Greater Manchester Cancer

NHS
in Greater Manchester

اپنا FIT (فضلے میں خون کی موجودگی کا پتہ لگانے کا) ٹیسٹ مکمل کرنے کا طریقہ

آ پکو یہ ٹیسٹ کِٹ (تجزیئے کا سامان) اس لئے دیا گیا ہے تا کہ آ پکی علامات کی وجہ معلوم کرنے میں مدد ملے۔ FIT ایک ایسا ٹیسٹ ہے جو آپکے پاخانے (فضلے) کے نمونے میں خون کی موجودگی کا پتہ لگاتا ہے۔ یہ خون کے بہت چھوٹے ذرات کا پتہ لگاتا ہے جو ممکن ہے کہ ویسے آپ کو نظر نہ آئیں۔

1

تیاری کریں۔ ٹائلٹ پر بیٹھنے سے پہلے وہ سامان پکڑ لیں جس کے اندر آپ نے اپنے فضلے کا نمونہ لینا ہے۔

2

لیبل (پرچی) کے اوپر اپنا نام، تاریخ پیدائش اور فضلے کا نمونہ لینے کی تاریخ لکھیں۔ اسکے لئے کالا یا نیلا پین استعمال کریں۔ اگر آپکی تفصیلات پہلے ہی سے لیبل پر درج ہیں تو چیک کریں کہ یہ صحیح ہیں یا نہیں۔

3

اپنے فضلے کا نمونہ حاصل کریں۔ ہم نے اس لیفلٹ کی پشت پر اسکے لئے کچھ مشورے دیئے ہیں۔ اپنے فضلے کو پانی یا ٹائلٹ پر نہ لگنے دیں۔

4



نمونے کی بوتل کو کھولنے کیلیئے اسکے ڈھکن کو گھمائیں۔ اس میں دی گئی تیلی کو فضلے پر پھیریں تا کہ تیلی کی گراریاں فضلے میں ڈھک جائیں۔ آپکو اس ٹیسٹ کیلیئے فضلے کی تھوڑی سی مقدار چاہیئے۔ براہِ مہربانی مزید مقدار شامل نہ کریں۔

5

پھر تیلی کو واپس بوتل میں ڈالیں اور ڈھکن کو کلک کر کے بند کر دیں۔ استعمال کے بعد بوتل کو دوبارہ نہ کھولیں۔ براہِ مہربانی اپنے ہاتھ دھوئیں۔

6



آپکے ڈاکٹر نے آپکو بتا دیا ہوگا کہ مکمل شدہ کٹ کو اسکے پاس بھیجنا ہے یا لیب کو بذریعہ ڈاک بھیجنا ہے۔

غور فرمایئے: آپ جہاں رہتے ہیں اسکی مناسبت سے ہوسکتا ہے کہ آپکی FIT کٹ (سامان) یہاں دکھائی گئی تصویروں سے مختلف ہو۔

اپنے پاخانے (فضلے) کا نمونہ لینے کے لئے مشورے

یہاں کچھ مشورے دیئے جا رہے ہیں جنکی مدد سے آپکو اپنے فضلے کا نمونہ لینے میں کچھ آسانی ہوگی۔ انکی مشق کر کے دیکھیں تا کہ آپکو پتہ چلے کہ کونسا طریقہ آپکے لئے سب سے آسان ہے۔ اپنے فضلے کو پانی یا ٹائلٹ پر نہ لگنے دیں۔

1

ٹائلٹ کے اوپر کلنگ فلم (چپکنے والا پلاسٹک) لگانا (اس کے بیچ میں گڑھا بنانا یاد رکھیں)۔

2

وہ کارٹن جس میں انگور وغیرہ ملتے ہیں۔

3

ٹائلٹ پیپر کو تہہ کر کے اپنے ہاتھ میں لینا۔

4

مارجرین یا آئس کریم کا ایک صاف اور خالی ڈبہ۔

5 

ٹیک اوے والا ایک صاف اور خالی ڈبہ۔

6

اپنے ہاتھ کے اوپر ایک پلاسٹک کا تھیلا یا دستانہ پہننا۔

7 جب آپ ایک مرتبہ اپنے فضلے کا نمونہ اکٹھا کر لیں تو اپنی ٹیسٹ کٹ (تجزیئے کا سامان) استعمال کریں اور جلد از جلد نمونہ واپس کر دیں۔